تاریخ دعوت وجہاد برصغیر کے تناظر میں

مصنف:- عبداللہ فہد فلاحی
تبصرہ نگار:- پروفیسر مولانا محمد تقی امینی

دعوت وجہاد، اسلامی تعلیم کا خلاصہ ہے۔ اصل تاریخ، سلام کی دعوت وجہاد ہی کی ہے۔ یہ تاریخ چھٹی صدی عیسوی سے (جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت ہوئی) نہیں، بلکہ اس وقت سے شروع ہوتی ہے، جب سے انسان نے اس دنیا میں قدم رکھا ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام سے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تک سارے انبیاء علیہم السلام مجاہد تھے اور ان ہی کی بدولت انسان کی زندگی کو زندگی ملی۔ وہ اپنی قدروں سے واقف ہوا۔ اچھائی برائی، حلال وحرام، پاکیزگی وگندگی سے اس کو شناسائی ہوئی۔ دعوت وجہاد کی کارگزاری اس پر ختم نہیں ہوتی بلکہ اس سے بہت آگے تک جاتی ہے۔ دنیا کو آباد کرنے، اس کو ترقی دینے، تہذیب وتمدن کی شمع روشن کرنے میں انہوں نے نمایاں کارنامہ انجام دیا ہے۔

وکذلک کل نبی استخلفہم فی عمارۃ الارض وسیاسۃ الناس